AkzoNobel

www.akzonobel.com

ایکزونوبل ایک معروف عالمی پینٹ اور کوٹنگز کمپنی ہے جو اعلی پیمانے پر مخصوص کیمیکلز بناتی ہے۔ صدیوں سے حاصل مہارت کی بنیاد پر ہم دنیا بھر میں صنعتوں اور گاہگوں کو نت نئے مصنوعات اور پائیدار تکنیک مہّیا کرتے ہیں جو ہمارے تیزی سے بدلتے ہوئے سیارے کے بڑھتے ہوئے مطالبات کے مطابق تشکیل کی گئی ہیں۔ ہمارا ہیڈ کوارٹر امسٹرڈم، نیڈرلینڈ میں ہے۔ ہمارے تقریبا ۸۰ ممالک میں کم و بیش ٤٦٠٠٠ لوگ کام کررہے ہیں، جبکہ ہمارے پورٹ فولیو میں ڈیؤلکس، سکینس، انٹرنیشنل، انٹرپان اور ایکا شامل ہیں۔ پائیداری کے میدان میں رہنماؤں میں سے ایک کے طور پر ہماری مسلسل درجہ بندی کی گئی ہے اور ہم زندگی کو مزید قابل رہائش اور ہمارے شہروں کو مزید خوبصورت بنانے کے پابند ہیں۔

©۲۰۱۵ Akzo Nobel N.V.
تمام حقوق محفوظ ہیں۔

AN_201729_010715_UR

# ہم سے کیا **متوقع ہے**

قانون اور ہمارے ضابطے پر عمل کریں

ہمارے اصولوں کی حمایت کریں اور دوسروں کی رہنمائی کریں

کسی بھی خلاف ورزی کی اطلاع دیں

## یہ ہے ہمارا **ضابطہ اخلاق**

## تحفظ

**ہم اپنے ساتھیوں اور جس کسی سے ہم معاملات کرتے ہیں ان کی حفاظت کی فکر کرتے ہیں، اور لوگ، طریق کار اور مصنوعات کے تحفظ پر ہماری نگاہیں مرکوز ہوتی ہیں۔**

- ہم تحفظ کے قوانین اور طریقہ کار پر عمل کرتے ہیں
- ہم زندگی بچانے کے قوانین پر عمل کرتے ہیں (Life-Saving Rules)
- اسلوب یا حالات غیر محفوظ ہونے پر ہم کام بند کردیتے ہیں
- ہم محفوظ طور پر مصنوعات بناتے ہیں اور ان کی تقسیم کرتے ہیں
- تحفظ کے خدشات کی ہم فوری اطلاع دیتے ہیں

## دیانت داری

**ہم اپنے کاروبار کو منصفانہ طور پر اور ایمان داری سے چلانے پر توجہ دیتے ہیں**

- ہم منصفانہ طریقے سے اور ایمان داری کے ساتھ مقابلہ کرتے ہیں
- ہم کاروباری پابندیوں پر باریکی سے عمل کرتے ہیں
- ہم ذاتی اور خفیہ معلومات کی حفاظت کرتے ہیں
- کاروباری مفاد اور ذاتی مفاد میں ہم واضح فاصلہ بنائے رکھتے ہیں
- ہم کمپنی کی جائداد کی نگرانی کرتے ہیں اور اس کا مناسب ڈھنگ سے استعمال کرتے ہیں
- کمپنی کی پالیسیوں کے مطابق ہم ریکارڈ رکھتے ہیں
- فراڈ سے ہم چوکنا رہتے ہیں اور مشکوک سرگرمی کی اطلاع دیتے ہیں
- ہم پیشہ ورانہ انداز میں بات چیت کرتے ہیں

## پائیداری

**ہم اپنے ماحول، اپنے ساتھیوں،اپنے کاروباری شراکت داروں اور جن لوگوں میں ہم کام کرتے ہیں ان کی فکر کرتے ہیں۔**

- ہم انسانی حقوق کی قدر کرتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ عزّت و احترام سے پیش آتے ہیں
- ہم منصفانہ طور پر ملازمین کی بھرتی اور اس سے متعلق تمام امور کا انتظام کرتے ہیں
- ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں اس سے پیدا ہونے والے ماحولیاتی اثرات کم بھی کرتے ہیں
- ہم اپنی کارروائیوں سے متاثر ہونے والوں کی تشویشات پر توجہ دیتے ہیں
- ہم جس معاشرے میں کام کرتے ہیں اس کے لیے کچھ مثبت کام کرتے ہیں
- ہم ان کاروباری شراکت داروں کے ساتھ کام کرتے ہیں جو ہمارے اصولوں کی قدرکرتے ہیں

# یہ تمام
# درست کام کرنے سے متعلق ہے

ہمارا ضابطہ ہم سے ہر وقت اعلی معیار رویّے کی توقع رکھتا ہے۔ ہر کوئی جو ایکزونوبل کے لیے کام کرتا ہے اس کو ضابطے اور بنیادی ہدایات کی تعمیل کرنی چاہیے۔ سالانہ کارکردگی کا جائزہ کے عمل کے طور پر ہم سے توقع ہے کہ ہم اس بات کی تصدیق کریں کہ ہم ضابطے کو سمجھتے ہیں اور اس کی تعمیل کرتے ہیں۔ اگر ضابطے کی کوئی شرط قانون کے ساتھ متصادم ہو تو قانون کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ شکوک و شبہات میں ہمیں اپنے ہمارے لائن مینجر یا قانونی محکمے سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## غور و فکر سے کام کرنا

ہمیں اکثر ان حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جن کا ہمارے پاس کوئی واضح جواب نہیں ہوتا۔ اس صورت میں ہمیں رک جانا چاہیے اور اس کے متعلق اپنے آپ سے پوچھنا چاہیے

- کیا میں خطرات اور مضمرات کو سمجھ پایا / پائی ہوں؟
- کیا یہ جائز ہوگا؟
- کیا یہ ہمارے ضابطے کے مطابق ہے؟
- کیا یہ منصفانہ اور اس میں ایمانداری ہے؟
- کیا اس سے میری اور میری کمپنی کا تاثر اچھا ہوگا؟
- اگر یہ بات پھیلتی ہے تو کیا مجھے ٹھیک محسوس ہوگا؟

اگر ان میں سے کسی ایک کا جواب بھی نفی میں ہے تو ہمیں وہ کام نہیں کرنا چاہیے۔ اگر ہمیں یقین نہیں تب ہم نے مینجر، محکمۂ قانون، ایچ آر یا کاروباری شراکت دار سے رہنمائی طلب کرنی چاہیے۔

## خدشات کا اظہار

اگر ہمیں یقین ہے کہ ہمارے ضابطہ کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے یا کی جائے گی تب ہمیں اقدامات اٹھانے چاہیے۔ ہم:

- ملوث شخص سے بات کرسکتے ہیں
- اپنے مینجر، ایچ آر، کاروباری شراکت دار یا تعمیلی افسر سے بات کرسکتے ہیں
- SpeakUp!

اگر کسی خلاف ورزی کی وجہ سے کمپنی یا کسی شخص کو سخت نتیجہ بھگتنا پڑسکتا ہے تو پھر اسے فوری طور پر انتظامیہ یا محکمۂ قانون کو رپورٹ کریں۔

# SpeakUp!

اسپیک اپ! کے ذریعے تین طرح سے کسی خلاف ورزی یا تشویش کی اطلاع دی جاسکتی ہے:

**ہیلپ لائن پرفون کرنا:** ایک آپریٹرآپ کے خدشات سنے گا اورکچھ سوالات پوچھے گا۔ ہیلپ لائن میں انگریزی میں بات ہوتی ہے، لیکن کوئی ترجمان گفتگو میں شریک ہوسکتا ہے۔ اسپیک اپ! پورٹل صفحات پرمخصوص ملک کے ہیلپ لائن نمبرز کا عمومی خلاصہ دستیاب ہے۔ یہ لائنزمفت ہیں اور٢٤/٧ دستیاب ہے۔

**یوس** ون ویب پراسپیک اپ! پورٹل کے ذریعے آپ رپورٹ درج کرسکتے ہیں

**ای میل** speakup@akzonobel.com یا
AkzoNobel Director Compliance،
PO Box 75730، 1070 AS Amsterdam،
The Netherlands
آپ رپورٹ ارسال کرسکتے ہیں۔

رپورٹ موصول ہونے کے بعد کیا ہوگا اسپیک اپ! دستی کتابچہ (مینؤل) اس بات کی وضاحت کرتا ہے۔ رپورٹوں کو خفیہ رکھا جائے گا۔ ہرچند کہ تحقیق کی رفتار بڑھانے کے لیے شکایت کردہ کی شناخت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے لیکن گمنامی میں بھی رپورٹ داخل کیے جاسکتے ہیں۔ اسپیک اپ! کی مزید معلومات کے لیے اسپیک اپ! پورٹل ملاحظہ فرمائیں۔

ایکزونوبل کھلے مکالمے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہر رپورٹ پر سنجیدگی سے غور کرتا ہے۔ ضابطے کی خلاف ورزی کی اطلاع کرنے سے کوئی برے نتائج نہیں نکلتے، اس صورت میں بھی جب رپورٹ کی کوئی بنیاد نہ ہو۔ ہم سب کی ذمّہ داری ہے کہ ہم درست کام کریں۔



"ہم سبھی کو ایک کردار نبھانا ہے"

**Marieke,** Global Aesthetic Center



**Q** **میرے ایک ٹیم ممبر نے کہا ہے کہ اضافی پیسے کمانے کے لیے زائد گھنٹے کام کریں۔ وہ اس ہفتے پہلے ہی کافی اوور ٹائم کرچکا ہے۔ کیا میں درخواست دے سکتا / سکتی ہوں؟**

**A** وور ٹائم کی اسی وقت تک اجازت ہے جب تک کہ وہ مقامی جائز ضروریات اور انتظامیہ کی ہدایات سے آگے نہیں بڑھ جاتا ہے اور اگر حالات سازگار ہو تب ہی۔

**Q** **میں اپنی ٹیم میں ایک عہدے کے لیے بھرتی کررہا / رہی ہوں۔ ایک پہچان والا / والی امیدواروں میں سے ایک ہے۔ میں نے کیا کرنا چاہیے؟**

**A** اگر ایک منصفانہ اور صاف شفاف بھرتی طریق کار ہے تب ہی آگے بڑھیں اور، فیصلہ کی انتظامیہ کو منظوری دینی چاہیے اور ذاتی مفاد سے متاثر نہیں ہونا چاہیے۔

**Q** **میں ایک ڈسٹری بیوٹر کا تقرر کرنے والا ہوں، وہ اس بات کی تصدیق نہیں کرنا چاہتا کہ وہ ہمارے ضابطے پر عمل کرے گا۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**A** ڈسٹری بیوٹر کو ہمارے ضابطے پر دستخط کرنا ضروری نہیں، لیکن تحریری طور پر انھوں نے تصدیق کرنی ہوگی کہ وہ ان اصولوں پر عمل پیرا رہیں گے جو ہمارے اصولوں کے برابر ہیں۔ اگر ان کے اصول معنی خیز حد تک الگ ہوتے ہیں تب آپ نے قانونی محکمے سے مشورہ کرنا چاہیے۔

اگر ہم چاہتے ہیں کہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک تندرست سیارہ چھوڑ جائیں تو ہمارے ہر کام میں مزید پائیداری ہونی چاہیے۔ اس کا مطلب ہوتا ہے کہ گاہکوں اور سپلائرز کے ساتھ کام کرتے ہوئے ایسے معروف حل بنائیں جن میں کم ذرائع کا استعمال ہو لیکن کام زیادہ ہو۔ اس کا یہ مطلب بھی ہوتا ہے کہ ہم خود میں اور اپنے ساتھیوں میں مسلسل طور پر اصلاح جاری رکھیں۔ خوشگوار ماحول میں کام کرنے کے لیے ہم میں سے ہر کوئی اپنا کردار نبھاتا ہے اور کمپنی کی پائیداری کو کامیاب بنانے میں حصّہ لیتا ہے۔

## نسانی حقوق

انسانی حقوق کے بارے میں بین الاقوامی اعلامیے میں دیے گئے بنیادی خطوط اور کاروباری اور انسانی حقوق کے بارے میں اقوام متحدہ کے رہنماء اصوولوں کے مطابق ہم تمام لوگوں کے حقوق کی قدر کرتے ہیں۔ ہم انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی روک تھام کے لیے ذمّہ دار ہیں اور ساتھ ہی ہماری سرگرمیوں اور ہمارے مصنوعات اور وہ سرگرمیاں جو ہمارے کاروباری شراکت دار ہمارے لیے انجام دیتے ہیں، ان کے نتیجے میں انسانی حقوق پر ہونے والے اثرات کے لیے بھی ذمّہ دار ہیں۔ ہم اپنے کاروباری شراکت داروں سے امّید کرتے ہیں کہ مساوی اصول اپنائیں اور جہاں ضروری ہو، انھیں نافذ کرنے کے لیے فعالی طور پر مدد کریں۔

ہم اپنے ساتھیوں، کاروباری شراکت داروں اور ہماری سرگرمیوں یا مصنوعات سے متاثر لوگوں کی ان کے انسانی حقوق پر امکانی اثرات یا ہمارے ضابطے کی خلاف ورزی کے بارے میں شکایات درج کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہم ان شکایات پر منصفانہ، مخفی طور پر اور قانون کے مطابق توجہ دیتے ہیں۔

ہم ہماری مسلسل اصلاح کرنے کے پابند ہیں تاکہ بطور ایک لبھاؤنا آجر، کاروباری شراکت دار اور جس سماج میں ہم کام کرتے ہیں اس کا ایک رکن، ہمارا یہ مقام برقرار رہے۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Sustainability Portal

## ملازمتی تعلقات

ہم بہترین لوگوں کو مساوی مواقع کی بنیاد پر روزگار دیتے ہیں اور انھیں ذاتی اور پیشہ ورانہ طور پر باصلاحیت بننے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہم اپنے ساتھیوں کو ترقی کرنے اور اپنی صلاحیت بڑھانے کے لیے صحیح ماحول مہیّا کرتے ہیں، اور ہم میں سے ہر ایک اپنی ذاتی صلاحیت بڑھانے کے لیے مسلسل کوشش کرنے کا پابند ہے۔

انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن ڈکلیریشن آن فنڈامینٹل پرنسپلز اینڈ رائٹز ایٹ ورک کے اصولوں کے مطابق ہم عمل کرتے ہیں۔ ہم لوگوں کی مرضی کے بغیر انھیں روزگار نہیں دیتے یا ان کے حقوق سے انھیں محروم نہیں کرتے۔ ہم جن ممالک میں کام کرتے ہیں ان کے متعلقہ آئی ایل او کنوینشنوں اور قوانین کے مطابق ہم قانونی طور پر لازمی کم سے کم عمر کی قدر کرتے ہیں، اور ہم 16 سال سے کم عمر کے بچوں کو روزگار نہیں دیتے۔

لوگوں کے ساتھ ہمارا سلوک عزّت و احترام پر مبنی ہوتا ہے، اور تنوع کی ہم حمایت کرتے ہیں۔ ہم تہذیب، قومیت، نسل، مذہب، جنس، معذوریت، لگاؤ (اسوسی ایشن)، جنسی رجحان یا عمر کی بنیاد پر کسی کو نہ تکلیف دیتے ہیں اور نہ ہی ان میں امتیاز کرتے ہیں۔

قوانین کے مطابق ہم انصاف پر مبنی کام کے گھنٹے اور معاوضہ دینے کے پابند ہیں۔ ہم آزادی رائے اور شراکت داری کے انفرادی حقوق کی عزّت کرتے ہیں اور ہم اجتماعی سودے کاری اور باہمی عزم کے حق کو تسلیم کرتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Sustainability Portal

## ماحول اور سماج

جس کسی ملک میں ہم کام کرتے ہیں وہاں کے تمام ماحولیاتی قوانین اور ضوابط پر عمل درآمد کرتے ہیں۔ ہماری سرگرمیوں میں کم توانائی کا استعمال اور کم فضلہ پیدا کرکے ہم کاربن اخراج کم کرتے ہیں اور اس طرح ہمارے ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے پر ہماری نگاہیں مرکوز رہتی ہیں۔ ہم ماحول پر مثبت اثر کرنے والی ٹیکنالوجی بناتے ہیں اور ماحولیاتی ذمّہ داری سمجھتے ہوئے کم سہولیات میں زیادہ کام کرنے کے لیے ہمارے کاروباری شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

جب بات سماج کی اور جن لوگوں میں ہم کام کرتے ہیں ان کی توقع کے تعلق سے آتی ہے تو ہم اپنا کردار اور ذمّہ داریاں مکمل طور پر سمجھتے ہیں۔ جب بھی ممکن ہوتا ہے، مستحق اور قابل برقرار پروجیکٹز اور وجوہات کی حمایت کرتے ہوئے اور مناسب ہونے پر ہماری مصنوعات استعمال کرتے ہوئے لوگوں اور اداروں کو ایکزونوبل برینڈ زندہ کرنے میں روزگار مہیا کرکے مدد کرتے ہوئے ہم ہمارے اطراف کی دنیا میں مثبت فرق کرتے ہیں۔ سماجی سرگرمیوں میں شمولیت کے لیے ہم میں سے ہر ایک کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے جب تک کہ اس عمل سے مفاد کا تصادم نہ ہوتا ہو۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Sustainability Portal

## اسٹیک ہولڈرتعلقات

ہم ہمارے گاہکوں کو ان کی خرید و فروخت اور ضروریات کو جاننے کے لیے ان کے ساتھ معاملات کرتے ہیں۔ ہمارے اہم مالیاتی، سماجی اور ماحولیاتی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہمارا مکالمہ واضح اور غیرجانب دارانہ ہوتا ہے اور اس مکالمے سے حاصل ہوئے علم کا استعمال معروف پائیدار حل نکالنے میں ہوتا ہے۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Sustainability Portal

## کاروباری تعلقات

ہم ان شراکت داروں کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں جن کے اخلاق، سماجی اور ماحولیاتی معیار ہمارے اپنے معیار سے ہم آہنگ ہوں ۔ ان معیار کا استعمال ہم اس بات کا فیصلہ کرنے میں کرتے ہیں کہ آیا ہم نے ان شراکت داروں کے ساتھ کاروباری تعلقات بنانا یا جاری رکھنا چاہیے یا نہیں۔ ہم اپنے کاروباری شراکت داروں سے امّید کرتے ہیں کہ وہ اس بات کی تصدیق کریں کہ وہ ہمارے بزنس پارٹنر کوڈ آف کنڈکٹ کے مطابق اپنا کاروبار چلاتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Business Partner Code of Conduct Portal

# پائیداری

ہم اپنے ماحول، اپنے ساتھیوں، اپنے کاروباری شراکت داروں اور سماج جس میں ہم کام کرتے ہیں ان سب کی فکر کرتے ہیں۔

- ہم انسانی حقوق کی قدر کرتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ عزّت اور احترام سے پیش آتے ہیں
- ہم منصفانہ طور پر ملازمین کی بھرتی اور اس سے متعلق تمام امور کا انتظام کرتے ہیں
- ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں اس سے پیدا ہونے والے ماحولیاتی اثرات کم بھی کرتے ہیں
- ہم اپنی کارروائیوں سے متاثر ہونے والے لوگوں کی تشویشات پر توجہ دیتے ہیں
- ہم جس معاشرے میں کام کرتے ہیں اس کے لیے کچھ مثبت کام کرتے ہیں
- ہم ان کاروباری شراکت داروں کے ساتھ کام کرتے ہیں جو ہمارے اصولوں کی قدرکرتے ہیں



# "میں ذمّہ دار ہوں"

**Ashley,** Customer Marketing

Q

**ایک صلاح کار جس کے ساتھ میں ہمیشہ کام کرتا / کرتی ہوں، اس کے پاس کھیلوں کی تقریب کے ٹکٹیں ہیں اور وہ مجھے ساتھ آنے کے لیے مدعو کرتا / کرتی ہے۔ کیا میں قبول کرسکتا / کرسکتی ہوں؟**

A

صرف ان ہی حالات میں جب ٹکٹوں کی معمولی قیمت ہو اور اس میں کسی کاروباری فیصلے کو اثرانداز کرنے کا کوئی پہلو چھپا نہ ہو اور آپ کے مینجر نے منظوری دے دی ہو۔

Q

**ایک دوست کی پیشکش ہے کہ اس کی کمپنی خدمات مہیّا کرے گی۔ کیا میں خدمات لے سکتا / لے سکتی ہوں؟**

A

صرف اسی وقت جب خریداری کا منصفانہ اور شفاف طریقہ اپنایا گیا ہو اور فیصلہ مینیجمنٹ کی جانب سے منظور ہو اور اس فیصلے میں ذاتی مفاد کا کوئی دخل نہ ہو۔

Q

**میں سرحد پر ہوں۔ ایک کسٹم آفیسر چند روپیوں کی خاطر مجھے فوری طور پر داخلے کی پیشکش کرتا / کرتی ہے۔ کیا یہ ٹھیک ہوگا؟**

A

جی نہیں۔ یہ سوائے تسہیلی ادائیگی کے اور کچھ نہیں۔ ہاں، اگر یہ فاسٹ ٹریک خدمات باضابطہ ہیں اور آپ کو اس کی باضابطہ رسید ملتی ہے تو کوئی حرج نہیں۔

هم جن کے ساتھ کام کرتے ہیں ان کی ہمارے بارے میں رائے نجی اور اجتماعی اسلوب کی بنیاد پر بنتی ہے۔ اس وجہ سے تمام قوانین پر عمل درآمد کرتے ہوئے جہاں کہیں ہم کام کرتے ہیں، ہمارا رویّہ منصفانہ اور ایمان دارانہ ہوتا ہے۔ کمپنی کی دیانت داری اور ساکھ کی حفاظت میں ہم سب حصّہ لیتے ہیں۔

## ایمانداری سے کاروبار کرنا

ہم اخلاقی اور قانونی اصولوں کے سب سے اعلیٰ معیار پر عمل درآمد کرنے کے پابند ہیں۔ ہم منصفانہ طور پر اور دیانت داری سے کاروبار کرتے ہیں۔ ہم کسی طرح کی کوئی پیشکش نہیں کرتے یا رشوت نہیں دیتے یا کسی بھی طرح کاروبار میں ناجائز اخلاقی ذرائع استعمال نہیں کرتے۔ ہم تسہیلی ادائیگیاں نہیں کرتے۔

ہماری مصنوعات کی عمدگی ہی ہمارے مقابلے کی بنیاد ہے۔ ہم میں سے ہر ایک پر ذمّہ داری ہے کہ اس بات کو یقینی بنائے کہ کاروباری شراکت داروں کے ساتھ ہمارے کاروبار کی بنیاد بامقصد فیصلوں پر ہونی چاہیے اور تحا ئف یا مہمان نوازی ان پر اثرانداز نہیں ہونی چاہیے۔ دیے گئے یا قبول کیے گئے تمام تحا ئف اور مہمان نوازی مؤدب، قدر و قیمت اور کاروباری تعلقات کے لیے مناسب ہونے لازمی ہیں۔ اپنے افعال کے لیے ہم منظوری لیتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Anti-Bribery, Gifts & Entertainment

## منصفانہ مقابلہ

ہم آزادانہ اور منصفانہ مقابلے کی حمایت کرتے ہیں۔ ہمارا مقصد ہمارے حریفوں کی بنسبت ہمارے گاہکوں کی ضرورتوں کو تیزی سے، بہتر انداز میں اور مزید نمایاں طور پر پورا کرنا ہے۔ اس کے لیے مقابلے کے قوانین کے دائرے میں رہتے ہوئے ہم منصفانہ طور پر خاص محنت کرتے ہیں۔

اپنی پالسی کے تحت ہم مقابلے کے قوانین اور اپنے خود کے اصولوں پر سختی سے عمل درآمد کرتے ہیں۔ ہم ان معاہدوں اور رائج طریقوں کو نہیں اپناتے جن سے مقابلے پر ضرررساں اثر ہو، جیسے قیمتیں متعین کرنا، مارکیٹ تعین کرنا یا بااقتدار عہدے کا ناجائز استعمال۔ ہم اپنی مصنوعات کو منصفانہ اور متوازن طریقے سے فروغ دیتے ہیں، اس معلومات کے ساتھ جو ہماری اندرونی خرید و فروخت جائزہ طریقے کے ذریعے منظور شدہ ہے۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Competition Law Compliance

## کاروباری پابندیاں (ٹریڈ کنٹرولز)

ہم ایک ایسی دنیا میں بین الاقوامی کاروبار کرتے ہیں جس میں تجارت کی پابندیاں ہیں۔ چند ممالک میں تجارتی انضباط ہیں جو مخصوص کاروباری لین دین اور چیزوں کی سرحد پار نقل و حرکت پر پابندیاں عائد کرتے ہیں۔ ہم اپنے کاروبار پر لاگو تمام تجارتی انضباط پر عمل کرتے ہیں اور کسٹمز اور دیگر متعلقہ حکام کو اپنے کاروبار کے بارے میں درست اور سچائی پر مبنی معلومات فراہم کرتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Export Control

## خفیہ معلومات

یہ نہایت ضروری ہے کہ ہم کمپنی کی ملکیت دانش اور خفیہ معلومات کی حفاظت کریں۔ اس میں کاروباری حکمت عملی، تکنیکی علم، مالی معلومات، گاہکوں کی فہرست اور پاس ورڈز شامل ہیں۔ ہمارے اثاثوں کی قدر و قیمت کی تباہی اور ہماری کاروباری امور اور ساکھ کو ہونے والے نقصان کی روک تھام کرنے کے لیے ہم خفیہ معلومات ناجائز طور پر منکشف ہونے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

ہم دیگر اداروں کی دانش ملکیت کی بھی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں مہیّا کی گئی خفیہ معلومات کی ہم حفاظت کرتے ہیں اور اگر ہمیں اجازت ملتی ہے تب ہی ہم اس کا استعمال کرتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Intellectual Property

## ذاتی کوائف

ہم اپنے ملازمین، گاہکوں اور کاروباری شراکت داروں کے ذاتی کوائف کی حفاظت کرنے کے لیے پابند ہیں۔ ہم لاگو ہونے والے قوانین اور ہمارے خود کے تمام رازداری قوانین پر عمل کرتے ہیں جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہم ذاتی کوائف کی اعلی سطح پر دیکھ بھال کرتے ہیں۔ ہم ان اصولوں کی پیروی کرتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہم ذاتی کوائف کا جائز کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں اور یہ کہ ہم پر واضح ہے کہ ذاتی کوائف کو کب اور کیسے جمع، استعمال یا دوسروں سے شیئر کرنا چاہیے۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Protection of Personal Data

## مفادات کے تنازعات سے بچنا

ہم سب کی ذمّہ داری ہے کہ ہم کمپنی کے بہترین مفاد میں فیصلے لیں، اور ہمیں اس بات کا علم ہے کہ کام کے متعلق ہمارے فیصلوں پر ذاتی یا نجی فوائد اثرانداز نہیں ہونا چاہیے۔ اگر کوئی امکانی ٹکراؤ موجود ہے یا موجود ہونے جیسا محسوس ہوتا ہے، تب اس بارے میں ہم اپنے مینجر سے بات کرسکتے ہیں۔

ہمیں پتہ ہے ہم نجی حیثیت سے سیاسی یا جمہوری طریقہ کار میں حصّہ لے سکتے ہیں۔ ہم پیشہ ورانہ اور سیاسی مفادات کو علیحدہ رکتھے ہیں ۔ بطور کمپنی، ہم کسی سیاسی جماعت کو مالی یا دیگر حمایت یا سیاسی دوڑ دھوپ مہیّا نہیں کرتے۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Avoiding Conflicts of Interest

## حصص (شیئرز) میں کاروبار

ہمیں کمپنی کی خفیہ معلومات سے آگاہی ہونے کے باوجود ہم کمپنی میں شیئرز یا سیکیؤریٹیز کی لین دین نہیں کرتے، نہ ہی براہ راست ہم یا کسی اور کے ذریعے۔ انسائڈ انفرمیشن (خفیہ معلومات) وہ معلومات ہیں جس کا کمپنی کے باہر علم ہوجانے پر ہمارے شیئرز یا سیکیؤریٹیز کے بھاؤ یا قیمت پر معنی خیز اثر پڑ سکتا ہے۔

دیگر کمپنیوں کے شیئرز یا سیکیؤریٹیز میں کاروبار کرنے کے لیے بھی ہم اس معلومات کا استعمال نہیں کرتے یا ایسی معلومات کسی اور کو فراہم نہیں کرتے جب تک کہ قانون اجازت نہیں دیتا اور جب تک کہ وہ ہمارے شیئر ڈیلنگ کوڈ کے مطابق نہ ہو۔ اگرہمارے پاس خفیہ معلومات نہیں ہیں تب بھی ہمیں ہمارے عہدے کے اثر و رسوخ یا دیگر کمپنی کے ساتھ تعلقات کے باعث کمپنی کے شیئرز یا سیکیؤریٹیز میں تجارت کرنے کی اجازت سے روکا جا سکتا ہے۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Insider Information

## کمپنی کے وسائل

کمپنی کی جائیداد، وسائل اور معلوماتی نظام کی حفاظت کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ وہ ہر وقت محفوظ رکھی جاتی ہے، نہایت ضروری ہے۔ ہم ان اثاثوں کا مناسب طور پر اور ذمّہ داری سے استعمال کرتے ہیں اور گھاٹا، نقصان اور ناجائز استعمال ہونے سے ان کی حفاظت کرتے ہیں۔ ہم نہایت احتیاط سے اثاثوں اور ذرائع کا کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Company Resources

## ریکارڈ رکھنا

ہم میں سے ہر ایک کا فرض ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ ہمارا کاروباری سرگرمیوں سے متعلق رکھا گیا ریکارڈ بالکل صحیح، مکمل اور تازہ ترین ہو۔ ریکارڈز کا مؤثر اور صحیح نظام کمپنی کے کاروباری مفاد کی حفاظت کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ دستاویزات کی تیاری میں ہم اپنے قوانین اور ہدایات کی پیروی کرتے ہیں اور اس بات کی فکر کرتے ہیں کہ ہم ریکارڈز کی حفاظت کرتے ہیں یا متعلقہ دستاویزی قوائد کے مطابق تلف کرتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Record Keeping

## فراڈ کی روک تھام

فراڈ کی روک تھام کے لیے ہمارے پاس جامع کاروباری کنٹرولز کا ایک مجموعہ ہے۔ ہم اپنے تمام جائز طریقے، لین دین اور مالی معاملات رپورٹ کرنے والے اصولوں پر عمل کرتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہم تمام لین دین مناسب طور پر ریکارڈ کرتے ہیں اور یہ کہ جب مناسب ہو ان کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔

جرائم چھپانے کے لیے کمپنی کے ذرائع کا ہونے والا استعمال روکنے کے لیے ہم اینٹی منی لانڈرنگ قانون پر عمل کرتے ہیں۔ فراڈ کے خدشات سے ہم چوکنا ہیں، اور ہم کسی بھی مشکوک لین دین یا سرگرمی کی فوری طور پر رپورٹ کرتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Fraud

## مناسب انداز سے بات چیت

تمام قانونی اور کاروباری ذمہ داریوں پر عمل کرتے ہوئے ہم روشن دلی سے، حقیقت پر مبنی اور صحیح وقت پر مراسلت کرنے کے پابند ہیں۔ ہم قانون پر عمل درآمد اور کمپنی کے مفاد کی حفاظت کررہے ہیں ان باتوں پر دھیان دیتے ہوئے ہم ذرائع ابلاغ کے پوچھے گئے سوالات کو ان لوگوں تک پہنچاتے ہیں جنھیں بات کرنے کے لیے کمپنی کی جانب سے مجاز کیا گیا ہیں۔

اس بات سے قطع نظر کہ ہم کس طریقے سے ان تک بات پہنچا رہے ہیں، اور اس بات پر دھیان رکھتے ہوئے کہ اعلی میعار کی شرائط پوری ہونی چاہیے ہم میں سے ہرایک اپنی کاروباری مراسلات پر باریکی سے غور و خوض کرتا ہے ۔ جب ہم سوشیل میڈیا کا استعمال کرتے ہیں تب ہم میں سے ہر کوئی اختیار تمیزی اور عام سوجھ بوجھ کا استعمال کرتا ہے اور کمپنی کی ہدایات کی ہر وقت پیروی کرتا ہے۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Global Communications

# دیانت داری

## ہم اپنا کاروبار منصفانہ طریقے سے اور ایمانداری کے ساتھ کرنے پر دھیان دیتے ہیں۔

- ہم منصفانہ طریقے سے اور ایمانداری کے ساتھ مقابلہ کرتے ہیں
- ہم کاروباری پابندیوں پر باریکی سے عمل کرتے ہیں
- ہم ذاتی اور خفیہ معلومات کی حفاظت کرتے ہیں
- ہم کاروباری مفاد اور ذاتی مفاد میں واضح طور پر فاصلہ بنائے رکھتے ہیں
- ہم کمپنی کی جائداد کی نگرانی کرتے ہیں اور مناسب طریقے سے اس کا استعمال کرتے ہیں
- ہم کمپنی کی پالیسیوں کے مطابق ریکارڈ رکھتے ہیں
- ہم فراڈ سے چوکنا رہتے ہیں اور ہر مشکوک سرگرمی کی اطلاع دیتے ہیں
- ہم پیشہ ورانہ طریقے سے بات چیت کرتے ہیں



# "مجھے اپنے اصولوں کا علم ہے"

**Gazi,** Research and Development



**Q** آپ ایک نئی مشین چلانے والے ہیں اور آپ کو تحفظ کی ہدایات نہیں ملی ہیں۔ آپ کا سپروائزر آپ سے کہتا ہے کہ مشین چلانے کا طریق کار اب تک لکھا نہیں گیا ہے، لیکن آپ کو مشین چلانی ہی ہے۔ کیا آپ مشین چلائیں گے ۔

**A** جی نہیں۔ آپ کو پہلے طریق کار کی تربیت لینی ضروری ہے۔

**Q** آپ کا ساتھی ملازم ایک سیفٹی گارڈ جبکہ مشین چالو ہے، نکالتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ بیلٹ کو بلاک ہونے سے بچانے کے لیے یہ ضروری ہے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟

**A** جی نہیں۔ مشین کی چالو حالت میں حفاظتی آلات کو نکالا نہیں جاسکتا۔ آپ کو سنہری اصول کا استعمال کرتے ہوئےفوری طور پر مشین بند کرنی چاہیے۔

**Q** آپ دفتر کے ایک ملازم ہیں اور فیکٹری کا معائنہ کرنے آئے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ ایک مزدور ایک اونچی جگہ پر کمر کا پٹہ باندھے بغیر کام کر رہا ہے۔ آپ کیا کریں گے؟

**A** اگر مقامی سپروائزر موجود ہے تو اس سے بات کریں۔ اگر نہیں، تو مزدور کو محفوظ طریقے سے نیچے اترنے کے لیے کہیں اور اسے تحفظ کے ہمارے اصول اور اونچی جگہ کام کرنے کے لیے کمر کے پٹے کا استعمال کرنا کیوں ضروری ہوتا ہے اسے سمجھائیں۔ اور مقامی انتظامیہ کو خلاف ورزی کی اطلاع دی جائے۔

ہمارا مقصد صفر چوٹ اور صفر سنگین حادثہ کا ہدف حاصل کرنا ہے۔ ہم اسے حاصل کرنے کے لیے لوگ، مصنوع اور طریقہ کار قابل حفاظت اور معروف معیارات نافذ کرتے ہیں۔ کسی بھی سیاق و سباق میں، ہم تحفظ سے جڑے ہوئے قوانین پر عمل درآمد کرنے کے لیے پابند ہیں، اور کمپنی کی حفاظتی کارکردگی میں ہم میں سے ہر کوئی اپنا کردار نبھاتا ہے۔

## لوگوں کا تحفظ

ہم سبھی تندرستی اور تحفظ کے لیے ذمّہ دار ہیں۔ ہم چوٹ سے بچاؤ کرنے کے لیے آلات، طریقہ کار اور تربیت مہیّا کرکے اپنے سبھی کاروباری امور کو محفوظ طریقے پر انجام دینے کے لیے پابند ہیں۔ چاہے ہم کام کر رہے ہوں، گاہکوں سے ملاقات کر رہے ہوں یا سفر کر رہے ہوں، ہم حفاظتی قوانین اور طریقہ کار پر ہمیشہ عمل کرتے ہیں۔ ہم حفاظتی امور کو لگاتار بہتر بنانے کے لیے چوٹ اور حفاظت سے متعلق واقعات کے بارے میں ہمیشہ آگاہ کرتے رہتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Health, Safety & Environment

## مصنوعات کا تحفظ

مصنوعات کے تحفظ میں اصولوں کی پیروی، لوگوں کو خطرے سے محفوظ رکھنا اور مضر اشیاء کا سدباب شامل ہے۔ ہم اپنی مہارت کسی ایک مصنوع کی اس کی پورے دورے حیات کے دوران تندرستی، تحفظ اور ماحولیاتی پہلوؤں کا ذمّہ دارانہ طور پر انتظام کرنے میں لگاتے ہیں۔ ہم اکثر قانونی ضروریات سے بھی آگے بڑھ کر مصنوعات پر مناسب طور پر شناختی پرچیاں لگاتے ہیں اور مصنوع کے انتظام کو واضح طور پر سمجھاتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Health, Safety & Environment

## حفاظتی تدابیر

حفاظتی تدابیر کا انتظام ایک ایسا منظم طریقہ ہے جس سے کاروباری امور میں درپیش حادثات، فضلات یا ہم جو کام کرتے ہیں اس سے ہونے والے امکانی نقصانات کی تشخیص کی جاتی ہے، ان کی معلومات دی جاتی ہے اور ان کا سدباب کیا جاتا ہے۔
اس میں شامل ہے ہماری تحقیق سے جڑے جوکھم، مصنوعات بنانا اور ان کی نقل و حمل سے متعلق سرگرمیاں۔ کام کے محفوظ طریقہ کار امور انجام دینے کے لیے اجازت نامہ ہوتے ہیں۔ ہم تحفظ کے مقامی طریقہ کار پر عمل کرتے ہیں، اور ہم فوری طور پر کسی بھی خطرے کی شناخت کرتے ہیں اور اس کی اطلاع دیتے ہیں تاکہ ہم خطروں پر قابو پاسکیں اور ہم اپنی حفاظتی کارکردگی میں مسلسل اصلاح کر سکیں۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Health, Safety & Environment

## زندگی بچانے والے قواعد (Life-Saving Rules)

اپنی حفاظت کے لیے ہم نے آٹھ زندگی بچانے کے قواعد متعین کیے ہیں جب کہ ہم ایسی جگہوں پر کام کر رہے ہوں جہاں پر جان کا زیادہ خطرہ ہے۔

- ضروری ہونے پر جائز ورک پرمٹ کے ساتھ کام کرنا
- اونچائی پر کام کرتے وقت گرنے سے بچنے کے لیے مناسب آلات کا استعمال کریں
- کسی ممنوعہ جگہ میں داخل ہونے سے پہلے اجازت نامہ حاصل کریں
- یقینی بنائیں کہ چالو مشینری محفوظ ہے
- کام شروع ہونے سے پہلے جانچ کریں کہ آلہ الگ کیا ہوا ہو
- تحفظی آلات کو منقطع کرنے سے قبل اختیارنامہء حاصل کر لیں
- موٹر گاڑیوں میں اگر سیٹ بیلٹ ہو تو اسے پہن لیں
- کام کی جگہ پر شراب یا منشیات کا استعمال نہ کریں

زندگی بچانے کے ان قواعد کی ہم ہمارے سنہری اصولوں سے مدد کرتے ہیں (Golden Principle)۔ غیرمحفوظ حالات یا اسلوب میں ہم پر کام بند کرنا لازمی ہو جاتا ہے ۔

زندگی بچانے کے ان قواعد کا ہم سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ زندگی بچانے کے ان قواعد کی خلاف ورزی کو ہرگز ہرگز برداشت نہیں کیا جاسکتا (صفر برداشت)۔

مزید رہنمائی کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں:
Directives Portal
Life-Saving Rules



# تحفظ

ہم اپنے ساتھیوں اور جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں ان سب کے تحفظ کا خیال رکھتے ہیں اور لوگوں، مصنوعات اور طریقہ کار کی حفاظت پر اپنا دھیان مرکوز کرتے ہیں۔



- ہم حفاظتی اصولوں اور طریقہ کار کی پیروی کرتے ہیں
- ہم زندگی بچانے کے اصولوں کی پیروی کرتے ہیں (Life-Saving Rules)
- غیر محفوظ اسلوب یا حالات میں ہم کام بند کردیتے ہیں
- ہم محفوظ طور پر مصنوعات بناتے اور انھیں تقسیم کرتے ہیں
- ہم حفاظتی تشویشات کی فوری طور پر اطلاع دیتے ہیں

# ہمارا ضابطہ اخلاق کیوں **اہمیت کا حامل ہے**

## ایک معیار

اس سے ہمیں صحیح فیصلے لینے میں مدد ہوتی ہے اورظاہرکرتا ہے کہ ہم کن اصولوں کی پیروی کرتے ہیں

## ایک بھروسہ مند شراکت دار

یہ ہمارے گاہکوں، کاروباری شراکت داروں اور حکام پریہ ظاہرکرتا ہے کہ وہ ہم پرصحیح طریقے سے کام کرنے کے لیے اعتماد کرسکتے ہیں

## مارکیٹ میں ہماری ساکھ

یہ مارکیٹ میں اورجس معاشرے میں ہم کاروباری امورانجام دیتے ہیں ان میں اوربطورایک کاروبار اوربطورایک آجر، ہمارے ساکھ کی تائید کرتا ہے

### ضابطہ اخلاق کیا ہے؟

ہم جس طریقے سے روزمرّہ کی زندگی میں اپنے بنیادی اصولوں کو بروئے کارعمل لاتے ہیں، ضابطہ اس طریقے سے متعارف کراتا ہے۔ چاہے آپ ایکزونوبل کے لیے یا اس کے ساتھ کام کررہے ہو، یہ وہ ذمّہ داریاں اوراسلوب ہیں جن کی آپ سے امّید ہیں۔ یہ ایک مشترکہ معیارہے جس پرہم سب فخرکرسکتے ہیں، اورہمارے قوانین اورطریقہ کار(ڈائریکٹیوز فریم ورک) کا لازمی حصّہ ہے۔ ضابطہ آپ پرکیسے لاگو ہوتا ہے اس بارے میں مزید جاننے کے لیے ان کا استعمال کریں۔

### یہ ضابطہ اخلاق کن لوگوں کے لیے ہے؟

ایکزونوبل کے لیے کام کرنے والے چاہے ملازم ہو چاہے ٹھیکے دار، ہرایک کے لیے لازمی ہے کہ وہ اس ضابطے کے مطابق عمل کرے۔ ان ہی اصولوں کی بنیاد پرہمارا ایک کاروباری شراکت دارضابطہ اخلاق بھی ہے، جو ہمارے شراکت داروں، بشمول فراہم کنندگان، ڈسٹری بیوٹرز اورایجنٹوں کی ذمّہ داریوں کا احاطہ کرتا ہے۔

### ہم سے کس چیزکی توقع کی جاتی ہے؟

ہم میں سے ہرایک کوضابطہ، اس میں دی گئی ہدایات اوراس کے نتیجے میں ہمارا رویّہ کس طرح کا ہونا چاہیے، یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے۔ آپ کو شاید اپنے مخصوص کردار میں ضابطے کے کچھ حصّوں کو لاگو کرنا آسان ہوسکتا ہے، لیکن اگراس کے کسی بھی حصّے کے بارے میں آپ کو شبہ ہے تو نہایت ضروری ہے کہ اس بارے میں سوال پوچھیں۔ اگرآپ کو کسی مسئلے کا واضح جواب نہیں ملتا ہے، تب آپ کو اچھی سمجھ بوجھ کا استعمال کرنا چاہیے اورضروری ہونے پرمینجرسے بات کرنی چاہیے۔ اوراگرآپ خود مینجرہیں تب آپ کا کردار دوسروں کے لیے مثالی کرداربھی ہے۔ اپنے گروہ کو سمجھنے میں مدد کریں کہ وہ کس طرح اصولوں پرعمل کرسکتے ہیں اوراپنے افعال کے لیے وہ کس طرح جواب دہ ہیں۔

### اگرضابطے کی خلاف ورزی کی گئی تو کیا ہوگا؟

ضابطے پرعمل کرنے میں ناکام ہونے پرمعزولی سمیت انضباطی اقدام کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اگرآپ کو کوئی خلاف ورزی نظرآتی ہے تب اس فرد سے، آپ کے مینجرسے یا اسپیک اپ! کا اسی وقت استعمال کریں! ضابطے کے آخری حصّے میں آپ کو اس بارے میں مزید ہدایات ملیں گی۔

یہ انگریزی ورژن کا اردو ترجمہ۔ انگریزی متن کو ہمیشہ ترجیح دی جائے گی

# یہ سب کس طرح **سے جڑے ہیں**

**بنیادی اصول**
بطور ایک کمپنی ہم کن اصولوں کی پیروی کرتے ہیں
- تحفظ
- دیانت داری
- پائیداری

**اقدار**
ہمارے مقاصد پانے کے لیے ہمارا اسلوب کیسا ہونا چاہیے۔
- گاہکوں پر توجہ مرکوز کرکے
- وعدے کے مطابق خدمات مہیّا کرکے
- بہترین کا جذبہ رکھ کر
- ایک ساتھ مل کر جیت حاصل کرکے

**ضابطہ اخلاق**
یہ ان معیاروں کو متعین کرتا ہے جن پر ہم سبھی اپنی زندگی میں عمل کرتے ہیں اور ہر ملازم اور کاروباری شراکت دار کے ذریعے پیروی کیے جانے والی ذمّہ داریوں کو متعین کرتا ہے۔

**ہدایت نامۂ (ڈائریکٹیوز فریم ورک)**
یہ ان مفصّل ہدایات، قوانین، دستی کتب، رہبری اور طریقہ کار کی تشریح کرتا ہے جن پر ہم نے ایکزنوبل کے ساتھ کام کرتے ہوئے لازمی طور پر عمل کرنا ہوگا۔

## مجھے مزید ہدایات کہاں سے دستیاب ہوسکتی ہیں؟

**ڈائریکٹیوز پورٹل** ایک انٹرانیٹ نقطہ ہے جہاں پر ضابطہ اخلاق سمیت تمام ہدایات، قوانین، دستی کتب، رہنمائی اور طریقہ کار دسیاب ہے جو مل کر اصولوں کا ڈھانچہ بناتے ہیں۔ یہ دستاویزات جن میں سے اکثر لازمی ہیں، وہ کمپنی بھر میں نگہبانی، تسلسل اور فعلیتی عمدگی رائج کرتی ہے۔

# ہمارے سی ای او کی جانب سے ایک پیغام

**AkzoNobel میں ہم پینٹ کی تیاری اور فروخت کے تعلق سے بہت ہی پُرجوش ہیں اور ہم اس میدان میں سب سے بہتر بننا چاہتے ہیں- ہمارا عزم ہے اس صنعت میں غلبہ پانا ہے-**

ایک قائد ہونے کا مطلب صرف بہترین مصنوع کی تیاری اور اچھی مالیاتی کارکردگی ہی نہیں ہے، بلکہ اس کا مطلب ایک قابل اعتماد کاروباری شراکت دار بننا بھی ہے- ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے گاہک اور کاروباری شراکت داران یہ بات جانیں کہ وہ ہم سے کس بات کی توقع کرسکتے ہیں- یہی وجہ ہے کہ ہم اپنا کاروبار سلامتی، راست بازی اور پائیداریت کے اساسی اصولوں کی بنیاد پر انجام دیتے ہیں- اور یہ اصول ہماری تمام کارروائیوں میں سب سے مقدم رہتے ہیں-

ضابطہ اخلاق ہمارے اساسی اصولوں کی عکاسی کرتے ہیں اور انہیں عملی جامہ پہناتے ہیں- یہ ہماری کمپنی کے اندر موجود توقعات اور ذمہ داریوں کو بیان کرتا ہے، جن کا اطلاق ان لوگوں پر بھی ہوتا ہے جن کے ساتھ ہم کاروبار کرتے ہیں-

ہمیں روزانہ گومگو کی حالتوں کا سامنا ہوتا ہے اور ہم انتخاب کرتے ہیں- ہمارا ضابطہ اخلاق ہمیں درست فیصلہ کرنے کے لیے اعتماد فراہم کرتا ہے- بعض اوقات اس کا مطلب ایک کاروباری موقع کو نظر انداز کرنا ہوتا ہے، جب کہ یہ ہمارے معیارات کی مطابقت نہ کرتا ہو- AkzoNobel میں ہم وقت، محنت اور رقم کو بچانے کے لیے کفایتی طریقہ پر کام نہیں کرتے – ہم ایک محفوظ، دیانت دارانہ اور پائیدار طریقہ پر کاروبار کرتے ہیں- یہی ہماری اصل پہچان ہے اور یہی ہمارا موقف ہے-

ایک صحیح کام کرنے کے لیے حوصلہ اور عزم کی ضرورت ہے، اور ہمارا ضابطہ اخلاق، درست انتخاب کرنے کے لیے ہماری مدد کرتا ہے- ہم سب کو اس کی مطابقت کرنی چاہیے، کیونکہ یہ AkzoNobel کے لیے اور AkzoNobel کے ساتھ کام کرنے کی شرط ہے، لیکن ساتھ ہی ساتھ اس لیے بھی کہ یہ ہمیں اپنے کام کی انجام دہی میں فخر کا احساس دلاتا ہے-

تییری

تییری اونلانکر
سی ای او



# یہ ہمارا
# ضابطہ اخلاق ہے

ہمارا ضابطہ اخلاق ہمیں بتاتا ہے کہ ہم کن اصولوں کی پیروی کرتے ہیں۔

یہ ہمارے بنیادی اصول بیان کرتا ہے اور وضاحت کرتا ہے کہ کس طرح ان پر عمل کیا جا سکتا ہے۔

یہ اس کی بھی صراحت کرتا ہے کہ ہم نے کیا کرنا اور کیا نہیں کرنا۔

درج ذیل ہمارے بنیادی اصول ہیں

## تحفظ

## دیانت داری

## پائیداری

# ہمارا ضابطہ اخلاق

AkzoNobel

